حب صحابہؓ رحمت اللہ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

بغض صحابہؓ لعنت اللہ

ارا کین سینیٹ ، ممبران قومی وصوبائی اسمبلی ، علماء ، وکلاء ، صحافی
دانشوروں اور سیاستدانوں سے خصوصاً اور پاکستانی مسلمانوں کیلئے عموماً

لمحۂ فکریہ

پاکستانی رشدیوں کی بارگاہ رسالتؐ ، ازواج مطہراتؓ
اور اصحاب رسولؐ کی شان میں گستاخانہ ہفوات کی ایک جھلک

پھر نہ کہنا! ہمیں خبر نہ ہوئی

مؤلف : مولانا محمد اعظم طارق

چیلنج

کتابچہ میں دیا گیا کوئی بھی حوالہ غلط ثابت کرنیوالے
کو دس ہزار روپیہ فی حوالہ انعام دیا جائے گا ۔

منقبت خلفائے راشدین

شاعر اسلام برق

اپنا جواب آپ تھے صدیق نامدار — معمورۂ صدیقیت کا اعلیٰ شاہکار
بعد از نبی رسولؐ کی امت کے پاسدار — تھے ناشرِ قرآن نبوت کے یارِ غار
صلۂ وفا کا دیکھئے اعزاز ہمیشکار
ابدی سکون پا گئے بہ پہلوئے مزار
میزانِ امتیاز پر ڈالیں اگر نظر — جھکتے ہوئے پلڑوں پہ ہیں فاروقؓ جلوہ گر
کردارِ شخصیت کا تابدار وہ گہر — اقدارِ تشخص کا ہے یہ قصۂ مختصر
پیدا تو ہوئے یوں بھی فلاطون سے بشر
لیکن نہ کوئی ماں نے جنا ثانیٔ عمرؓ
لاثانی حیادار تھے رفقائے نبیؐ میں — خاتم بھی کاسہ لیس تھا دربارِ غنیؓ میں
یہ جوہرِ کردار نہاں تھا نہ کسی میں — ملکوت کے اوصاف تھے عثمانِ غنیؓ میں
تحریصِ منصبی نہ تھی ایماں کے دھنی میں
سر راہِ حق میں دے دیا تھا تشنہ لبی میں
جو محفلِ اصحابؓ کی زینت نہ ہوں علیؓ — سونی ہے اک رفیق بنا محفلِ نبیؐ
جھرمٹ میں ستاروں کے مثلِ چاند ہیں نبیؐ — ملتی ہے جن کے فیض سے ستاروں کو روشنی
یوں تو نبیؐ کے بے شمار جاں نثار ہیں
لیکن عزیز جان یہی چار یار ہیں

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پیش لفظ

(از محترم جناب صلاح الدین صاحب مدیر اعلیٰ ہفت روزہ تکبیر)

مسلمانوں میں گروہ بندی کا آغاز اختلاف عقائد کی بنا پر نہیں شخصیات کی افضلیت میں اختلاف کی بنا پر ہوا یہ مسئلہ جو رحلت نبوی کے فوراً بعد نمودار ہوا، خلافت راشدہ کے آخری زمانے تک اپنے عروج کو جا پہنچا۔ تاہم نہ صرف اس وقت تک بلکہ اس کے بعد بھی ایک طویل مدت تک تمام مسلمانوں کے عقائد بالکل یکساں رہے لیکن بعد کے ادوار میں یہ سیاسی اختلاف، مذہبی رنگ اختیار کر کے عقائد کے اختلاف تک جا پہنچا جس کے سبب آج مسلمان کہلانے والوں میں ایسے فرقے بھی موجود ہیں جو کلمہ، قرآن، اذان، نماز روزہ اور زکوٰۃ سے لے کر نظام تعزیرات اور نکاح و طلاق کے قوانین تک ہر معاملے میں امت کے سواد اعظم سے مختلف ہیں۔ رواداری کا جو مزاج اسلام بناتا ہے اس کی بنا پر سواد اعظم نے ان فرقوں کے ساتھ ہمیشہ کشادہ دلی کا سلوک کیا ہے لیکن یہ امر انتہائی تکلیف دہ ہے کہ اس کے باوجود ان میں سے بعض کی جانب سے "عقیدۂ تبرا" کے نام پر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے جانثار صحابہ کرام اور امہات المومنین کو جن کو اللہ دنیا ہی میں اپنی رضا و خوشنودی کی سند عطا کر چکا ہے، کھلی گالیاں دی جاتی ہیں اور ان مقدس ہستیوں پر رکیک الزامات عائد کئے جاتے ہیں یقیناً یہ ایسا گھناؤنا اور اشتعال انگیز عمل ہے جسے کوئی بھی غیرت مند مسلمان برداشت نہیں کر سکتا۔ حدیث

نبوی کے مطابق اس کے ایمان کا تقاضا ہے کہ برائی کو دیکھے تو ہاتھ سے مٹا دے۔ اس کی طاقت نہ ہو تو زبان سے اس کے خلاف احتجاج کرے اور اگر اس کی سکت بھی نہ رکھتا ہو تو کم از کم دل میں اس پر اذیت محسوس کرے کیونکہ اس کے بعد ایمان کا کوئی درجہ باقی نہیں رہتا۔ اس لئے کوئی صاحب ایمان اس صورت حال کو ٹھنڈے پیٹوں بہر حال برداشت نہیں کرسکتا

زیر نظر پمفلٹ بھی اسی ایمانی حمیت کا عملی اظہار ہے اس کے مؤلف جناب اعظم طارق صاحب نے اس میں بے شمار کتابوں میں سے چند منتخب اقتباسات جمع کر دیئے ہیں جن میں صحابہ کرامؓ کی شان میں کھلی گستاخیاں کی گئی ہیں اور جو اسلامی جمہوریہ پاکستان کہلانے والی مسلمانوں کی اس عظیم مملکت میں بلا روک ٹوک شائع ہو رہی ہیں۔

کوئی بھی مہذب معاشرہ اپنی مقدس ہستیوں کو گالیاں دینے کی اجازت نہیں دے سکتا۔ اگر کسی کی طرف سے عقیدے کے نام پر تبرا کی آزادی مانگی جاتی ہے تو یہ صریحاً اشتعال انگیزی ہے۔ جو لوگ اس عقیدے کے حامل ہیں وہ خود بھی یقیناً ایسے کسی مطالبے کا کوئی معقول جواز پیش نہیں کر سکتے۔ ان سے اُمت مسلمہ کے سواد اعظم کے اختلافات کا بنیادی سبب، صدیوں سے تحریری اور زبانی طور پر جاری ان کا یہی مکروہ عمل ہے۔ اگر وہ نیک نیتی کے ساتھ اس سے دستبردار ہو جائیں تو بلاشبہ فساد کی جڑ ختم ہو جائے گی۔ اس مختصر پمفلٹ میں شامل اقتباسات دراصل ان حضرات کے لئے ایک سوال ہیں کہ آخر اس قطعی غیر شریفانہ بلکہ رذالت پر مبنی عمل کا ان کے پاس کیا جواز ہے اور اگر عام مسلمان اپنی غیرت ایمانی کی بنا پر اس حرکت پر ان کے خلاف کوئی اقدام کریں تو اسے کس بنیاد پر غلط قرار دیا جاسکتا ہے۔

اس معاملے میں حکومت پاکستان کی روش بھی بہت سے سوالات پیدا کرتی ہے۔ ایک طرف تو اس کی حساسیت کا یہ حال ہے کہ جب ایک جریدے میں سلمان رشدی کے جرم کو بے نقاب کرنے کے لئے اس کی شیطانی کتاب کی مذمت میں لکھے جانے والے مضمون میں کتاب کے چند اقتباسات شامل کر دیئے گئے تو اس کے انتہائی ذمہ دار افراد اور ذرائع ابلاغ نے اس جریدے ہی کو اصل مجرم قرار دینے کے لئے آسمان سر پر اٹھا لیا اور اس کے خلاف ہر ممکن کارروائی کر ڈالی گئی لیکن دوسری طرف اس کے تجاہل عارفانہ کا عالم یہ ہے کہ اس نے صریحاً صحابہ کرامؓ کی توہین کی نیت سے لکھی جانے والی ان کتابوں کو اشاعت کی کھلی چھوٹ دے رکھی ہے۔ وہ نہ ان پر پابندی لگاتی ہے نہ ان کے لکھنے والوں کو اسلام کی مقدس ہستیوں پر بے بنیاد تہمت تراشیوں کے جرم میں مقدمہ چلا کر عبرتناک سزا دلانے کا اہتمام کرتی ہے۔

آپ کی خدمت میں یہ پمفلٹ جس مقصد کے لئے ارسال کیا جا رہا ہے وہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو جو حیثیت اور مقام دیا ہے اس کے مطابق اپنے اثرات کا مکمل استعمال کرتے ہوئے صحابہ کرامؓ اور امہات المومنینؓ کی توہین پر مبنی اس مکروہ عمل کے فوری سدباب کے لئے ہر ممکن اقدام کیجئے کہ یہ آپ کے ایمان کا تقاضا ہے اور روزِ محشر رسولِ خداؐ آپ سے بھی یہ پوچھ سکتے ہیں کہ جب دنیا میں ناموس رسالت کو لوٹا جا رہا تھا تو آپ نے اسے بچانے کے لئے کیا کیا؟

محمد صلاح الدین

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تقریظ

از شہید ناموس صحابہؓ علامہ حق نواز جھنگویؒ (قائد انجمن سپاہ صحابہؓ پاکستان)

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین ماہتاب رسالت کے چمکتے ہوئے ستارے ہی نہیں بلکہ قرآن کریم کی عظمتوں اور سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے امین ہیں۔ صحابہ کرام درحقیقت قرآن کریم اور اس پر نبی مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہر عمل کے محافظ ہیں۔ یہودیوں کے ایجنٹوں اور دشمنان اسلام نے ہمیشہ صحابہ کرامؓ کو بدنام کرنے اور ان پر الزامات لگانے میں کوئی کسر نہ چھوڑی کیونکہ وہ اس بات کو اچھی طرح جانتے ہیں کہ صحابہ کرامؓ ہی قرآن وسنت کے پیکر اور اس کے امین و محافظ ہیں اگر ان کی عظمتوں اور رفعتوں کو کم کر دیا جائے تو اسلام کی ساری عمارت ڈھے جائے گی یہودیوں کے ایجنٹوں نے ایک مسلسل اور مرتب کوشش کے ذریعہ صحابہؓ کی عظمت کے دامن کو تار تار کرنے کے لئے کتابوں اور لٹریچروں کا سہارا لیا ہے۔ مولانا اعظم طارق جو ایک انتہائی مخلص نوجوان عالم باعمل ہیں انہوں نے بعض دریدہ دہنوں کی کتابوں کے اقتباسات جمع کئے ہیں جن کو پڑھکر کوئی مسلمان بھی اپنے جذبات پر قابو نہیں رکھ سکتا۔ میں مولانا اعظم طارق کو مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے سوئے ہوئے مسلمانوں کو بیدار کرنے کی ایک منصفانہ کوشش کی ہے۔ اللہ تعالیٰ قبول فرمائے۔

میں نے یہ کتابچہ مرتب کیوں کیا؟ عرضِ مؤلف

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم ، امابعد ۔

اگر کچھ عرصہ قبل بدنامِ زمانہ دریدہ دہن و بد زبان رشدی کی ناپاک جسارت کے خلاف عالمِ اسلام نے بالعموم اور پاکستان کے علماء، سیاستدان، دانشور، وکلاء، طلباء اور صحافی حضرات نے بالخصوص صدائے احتجاج بلند کر کے دینی حمیت وغیرت اور مذہبی بیداری کا ثبوت نہ دیا ہوتا تو شاید میں ایک طویل عرصہ تک اپنی قوم کے مخصوص روادارانہ مزاج اور حکومت کی مجرمانہ معنی خیز خاموشی کی بناء پر اس اہم مسئلہ کی طرف آپ کو دعوتِ فکر دینے کی کوشش نہ کرتا۔

لیکن اب میں امید کرتا ہوں کہ جو قوم شیطان رشدی کے خلاف سراپا احتجاج ہی نہیں بلکہ سربکف ہو کر میدان میں نکل آنے کا مظاہرہ کر چکی ہے وہ یقیناً پاکستان کی سرزمین پر موجود ان بدبودار گندے کیڑوں کا بھی نوٹس لے گی جن کی زبان وقلم سے نکلنے والا مواد ملعون رشدی سے کہیں زیادہ بدبودار اور گندہ ہے۔ لیکن ان گندگی کے ڈھیروں کو تقیہ کی چادر اوڑھا کر مارکیٹوں اور بک اسٹالوں کی زینت بنا دیا جاتا ہے۔

مجھے یقین ہے کہ عشقِ مصطفیٰ اور حبِ اہلِ بیت واصحابِ رسول سے سرشار مسلمان اس تبرا باز ٹولہ کا نہ صرف محاسبہ کریں گے بلکہ قادیانیوں کی طرح اس گروہ کو کیفرِ کردار تک پہنچانے کے لئے اپنا قانونی، مذہبی اور اخلاقی فریضہ بھی ادا کریں گے۔

میں نے اس کتابچہ میں سرِدست ڈیڑھ درجن سے زائد پاکستان میں شائع

ہونیوالی اور کچھ ایران سے شائع ہو کر پاکستان میں سرِعام فروخت ہونیوالی کتب کے چیدہ چیدہ حوالہ جات نہایت ذمہ داری کے ساتھ حرف بہ حرف نقل کئے ہیں چند مقامات پر طویل عبارات کے اہم اہم اجزاء اس انداز میں پیش کئے ہیں کہ پورا واقعہ بھی سامنے آجائے اور طوالت بھی نہ ہو۔

امید ہے کہ محقق اور فاضل حضرات کو دشواری اور پریشانی کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔

آخر میں میں بارگاہِ ایزدی میں دست بدعا ہوں کہ رب العالمین اس کتابچہ کو ترتیب دینے کے مقصد میں کامیابی نصیب فرمائے اور اُمّتِ مسلمہ کو تقیہ کی اوٹ میں گھات لگائے ہوئے تبرّا باز دشمن سے محفوظ رکھے اور ان تمام حضرات کو جنہوں نے اس کتابچہ کی تدوین و ترتیب اور نشر و اشاعت کے سلسلہ میں دامے درمے سخنے تعاون فرمایا ہے۔ دارین کی سعادتوں سے ہمکنار فرمائے۔ آمین

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

محمد اعظم طارق

خطیب جامعہ صدیق اکبر متصل محمدی (ناگن) چورنگی

ناظم آباد کراچی

عبارتِ مُغلظہ از کتاب چراغ مصطفوی اور شرارِ بولہبی
حصہ اول مصنف اشتیاق کاظمی ناشر جامعہ زینبیہ بخاری مارکیٹ وحدت کالونی لاہور

مذہب شیطان کو پہلے قبول کرنیوالے ابوبکر ہیں

عبارت : شیطان کے بعد اس کے مذہب کو سب سے پہلے قبول کرنے والا چیمپیئن اول جناب حضرت ابوبکر ہیں ص ۱۸

ہمارے پاس ابوہریرہ جیسے راویوں کیلئے لعنت و تبرا ہے

عبارت : میرے ایسے بھائیوں کو ایسا اللہ مبارک ہو اور ایسے ابوہریرہ جیسے راوی بھی مبارک ہوں ہمارے لئے ان جیسے راویوں کے لئے لعنت و تبرا کے سوا کچھ نہیں ہے ص ۲۰

ابوبکر بدّھو کا بدّھو تھا

عبارت : حالانکہ ابوبکر خود بھی جانتا تھا کہ میں بدھو کا بدھو خلافت کے اہل نہیں ۔ ص ۴۲

صحابیت کی سند لعنت سے نہیں بچا سکتی

عبارت : کیا صحابی اسی کو کہتے ہیں جو رسول کریم کو اذیت پہنچائے اور پھر رسول کریم پر اتری ہوئی کتاب کو جلانے کا آرڈر دے دے ۔ صرف اپنی بادشاہت کے بل بوتے پرستی لوگ ان لوگوں کے لیے تمام عیوب پر پردہ ڈالنے کے لئے صحابی کا لیبل چمٹا دیتے ہیں لیکن صحابی کی سند ان لوگوں کو لعنت سے نہیں بچنے

دے گی کیونکہ لعنت اپنے گھر خود تلاش کر لیتی ہے   ص ۳۲۰،۳۱

لعنتی خلفاء (ابوبکر۔ عمر۔ عثمان)

عبارت: خدا جانے مسلمانوں نے علیؑ کو چوتھی جگہ کیسے تسلیم کر لیا۔ ہمارا مشورہ تو یہی ہے کہ علیؑ کو ان جیسے "لعنتی خلفاء" کے درمیان میں سے نکال کر کوئی اور ان جیسا رکھ لیجئے گا   ص ۱۵

عمر صاحب بارگاہ خداوندی سے آپ خارج شدہ

عبارت: عمر صاحب یہ کیا ہوا آپ نے تو حضرت ابوبکر کی خوشامد کرکے انہیں خلیفہ بنایا تھا تاکہ بعد میں میرا راستہ بالکل ہموار ہو جائے لیکن ابوبکر تو کہہ رہے ہیں کہ میں ناراض ہوں کہ انہوں نے مجھے خلافت کے چکر میں پھنسوا دیا۔ عمر صاحب یہ تو وہی بات ہوئی نا

نہ خدا ہی ملا نہ وصال صنم
نہ ادھر کے رہے نہ اُدھر کے رہے

بارگاہ خداوندی میں سے پہلے آپ خارج شدہ کیونکہ ہر بدعت میں آگے جناب عمر تھے۔   ص ۴۳

ابوبکر ملعون

عبارت: لیکن یہ بات چلتی آئی ہے کہ نیکوں کی اولاد بد اور بعض ملعونوں کی اولاد قابل احترام ہوتی ہے جس کی زندہ مثال حضرت محمد بن ابی بکر ہیں۔   ص ۵۴

معاویہ ابوہریرہ کافر و مرتد تھے

عبارت : اب صحابہ کے خلاف زبان درازی کرنے والے کے خلاف تو آرڈیننس جاری ہوتے ہیں اور صحابہ بھی وہ جو کافر و مرتد تھے مثلاً معاویہ ابوہریرہ وغیرہ وغیرہ . ص ۷۹

عمر نے متعہ کیوں بند کرایا

عبارت : خدا جانے عمر نے متعہ کو کیوں بند کرایا تھا شاید اس لئے کہ متعہ کے صیغے پڑھنے میں کچھ دیر لگ جاتی ہے اور حضرت عمر بڑے جذباتی آدمی تھے وہ اپنے جذبات کو قابو میں نہ رکھ سکتے تھے۔

لہٰذا انہوں نے سوچا اتنے کون صیغے اور خطبہ پڑھتا پھرے کیوں نہ اسے ختم کر کے ایسا قانون جاری کیا جائے کہ بس کسی عورت کے پاس گیا اور جلدی جلدی جو کرنا تھا کر لیا۔ اتنا وقت کون ضائع کرے کہ صیغے پڑھتا پھرے پھر عورت سے پوچھے کہ مجھے قبول کیا کہ نہیں اتنی مصیبت کب برداشت ہوتی ہے کسی جذباتی آدمی سے ص ۸۲ - ۸۳

رسول کے فرمان کی قدر نہ کرنیوالے

ابوبکر عمر عثمان معاویہ

عبارت : علیؑ کوئی ابوبکر۔ عمر۔ عثمان۔ معاویہ وغیرہ وغیرہ نہیں ہیں کہ رسولؐ کے فرمان کی قدر نہ کریں۔

(ص ۱۰۶)

ابوبکر۔ عمر شیطان ہیں

عبارت ؛ خمینی کو شیطان لکھنے والے ملاّں ذرا شیعہ کی کتاب کلید مناظرہ کا مطالعہ کر تجھے علم ہو جائے گا کہ شیطان کون ابو بکر، عمر یا خمینی۔

(ص ۱۱)

عباراتِ منتخبہ از کتاب پردہ اٹھتا ہے

مصنف ملا شاہد زعیم فاطمی حصہ اول رحمت اللہ بک ایجنسی کھارادر کراچی بمبئی بازار

دور خلافت راشدہ خون ریزیوں اور سفاکیوں کا ایسا دور تھا جس کے سامنے ہلاکو و چنگیز کی وارداتیں دم توڑتی نظر آتی ہیں

عبارت ، خلافت راشدہ جس کا آج دنیا میں ڈنکا بجایا جا رہا ہے اپنی سفاکی اور ظلم و جبر کی بھیانک واردات کے اعتبار سے ایک ایسا دور حکومت اور عہد ستم رانی ہے کہ اس پر بھی ایک قرطاس ابیض شائع کرنے کی ضرورت بڑی شدت سے محسوس کی جا رہی ہے یہ خلافت راشدہ جس نے اپنے تینوں خلیفوں کے زمانہ اقتدار میں اپنوں پر بھی شب خون مارے اور بیگانوں پر بھی عرصۂ حیات تنگ و تاز کی اس بیان کرنے کیلئے بھی ایک طویل دفتر درکار ہے ص ۵ دیباچہ

جس نظام حکومت کو خلافت راشدہ کے پر فریب نام سے تعبیر کیا جا رہا ہے وہ انسانیت کی تذلیل کا ایسا سیاہ دور تھا کہ اس کی خونریزیوں اور سفاکیوں کے سامنے چنگیز و ہلاکو کی داستانیں اور وارداتیں دم توڑتی نظر آتی ہیں۔ ص ۶ دیباچہ

عمر نے وہ اُدھم مچایا کہ غنڈے اور بدمعاش بھی ان ذلیل حرکتوں کا تصور نہیں کر سکتے

عبارت : ایک بدنہاد انسان (عمر) لکڑیاں لے کر پیغمبرؐ کی لخت جگرؓ کے مکان کو آگ لگانے پہنچا اور کس طرح اس نے اس موقع پر اُدھم مچایا کہ غنڈے اور بدمعاش بھی اس قسم کی ذلیل حرکتوں کا تصور نہیں کر سکتے لیکن با ایں ہمہ آج وہی بدقماش لوگ مسلمان قوم کے ہیرو ہیں اور لوگ ان کے نام پر بغلیں بجاتے اور نعرے لگاتے ہیں

ص ۷ دیباچہ

مسلمان قوم نسل انسانی کی بدترین قوم

عبارت : اور واقعہ بھی یہی ہے کہ مسلمان قوم کی تاریخ ناسپاسی، ناشکر گزاری، احسان فراموشی اور بے مروتی کی داستانوں سے بھری پڑی ہے اور یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ تاریخ نسل انسانی میں کسی بدترین قوم کا کردار اتنا گھناؤنا نہیں رہا کہ مسلمان قوم کا رہا ہے

ص ۱۱

خلیفہ اول دوم حضورؐ کے نام پر گلچھرے اڑانے والے اکابر مجرمین

عبارت : اور خلیفہ اول و دوم دونوں نے اس معرکہ میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور حضورؐ کے نام پر گلچھرے اڑانے والے ان دونوں "اکابر مجرمین" کو اسلام کے نامور ہیرو قرار دیتے ہوئے ذرہ برابر نہیں شرماتے۔

(ص ۳۲، ۳۳)

جلیل القدر صحابہ کی بدعنوانیاں بکثرت تھیں

عبارت : اس جماعت رکانگریس ہند) کی صف اول کی قیادت کسی ایسی بدعنوانی میں ملوّث نہیں ہوئی جس قسم کی بدعنوانیوں کے تذکرے بعض جلیل القدر صحابہ کی مقدس شخصیتوں کے حالات میں بکثرت ملتے ہیں۔ خویش پروری، اقربا نوازی، جبر و استبداد، بیت المال میں تصرف بے جا، قومی خزانہ کا استحصال جنسی بے راہ روی، عیش و عشرت، جوڑ توڑ سازش و سیسہ کاری، اخلاقی حدود کی پامالی غرض یہ کہ ہر وہ برائی جسے کسی مہذب معاشرہ میں برداشت نہیں کیا جاسکتا خلافت راشدہ کے اس دور میں اس کا چلن عام تھا (ص ۲۲۔۲۳)

کتاب پردہ اٹھتا کی سرخیاں ـ ملاحظہ ہوں

خلیفہ دوم کی شراب نوشی

(ص ۲۱۱)

خلافت راشدہ کا اسلام ایک خون آشام مذہب

(ص ۱۱۲)

ابوہریرہ ایک ضمیر فروش راوی

ص ۲۷

دس جنتیوں والی جھوٹی روایت اور اس کا جھوٹا راوی عبدالرحمٰن بن عوف

(ص ۹۷)

زانی سپہ سالار خالد بن ولید

(ص ۹۵)

خلیفہ دوم کی تضاد بیانیاں

(ص ۱۰۳)

ایک اور ضمیر فروش راوی

(ص ۸۷)

شان صحابہ ایک بے معنیٰ لفظ

(ص ۱۰۴)

مغیرہ بن شعبہ ایک بدفطرت انسان

(ص ۸۹)

بخاری ایک بدنہاد محدث (ص ۱۸۴)

صحابہ سے دشمنی کا مروڑ کیوں اٹھ رہا ہے

(ص ۱۶۹)

حرامیوں کی پہچان

(ص ۱۸۷)

عبارت منقولہ از کتاب چار یار

مصنف عبدالکریم مشتاق ۔ ناشر رحمت اللہ بک ایجنسی نزد خوجہ اثنا عشری مسجد

شیعان اہلبیت کے حق میں اترنے والی آیات قرآنیہ کی من گھڑت تاویلات کی گئیں

عبارت : وہ قرآنی آیات جو حضرات اہلبیت اور شیعان اہلبیت کے حق میں نازل ہوئیں اُن کی من گھڑت تاویلیں اور خودساختہ تفاسیر مرتب کی گئیں اور بڑے محتاط طریقہ سے ان کا اجراء کیا گیا فضائل و مناقب کی احادیث کی اشاعت کو ممنوع قرار دیا گیا اور بارگاہِ رسالت سے عطا شدہ القابات کو غیر مستحق افراد کے حق میں غصب کر لیا گیا صاحبان اقتدار کی شان میں جھوٹی احادیث وضع کی گئیں ۔

(ص ۱۹)

برسراقتدار طبقہ کی حضرت علیؑ کو لوگوں کی یاد سے محو کرنے کی کوشش

عبارت : برسراقتدار طبقہ کی کوشش یہی رہی کہ حضرت علیؑ اور ان کے ساتھی اصحاب کے متعلق ان دونوں امور کو لوگوں کی یاد سے محو کر دیا جائے ۔ صہ ۲۰

سیرت شیخین یہ تھی کہ احادیث پر سنسر شپ عائد کر دی جائے

عبارت : سیرت شیخین یہ تھی کہ حکومت کو چاہئے کہ احادیث رسول پر قبضہ کرے اور محض ان احادیث کی اشاعت کی اجازت دے جو حکومت کے حق میں مضر نہ ہوں اپنی مخالف احادیث کو ہر ممکن طریقے سے روکے بالکل اسی طرح جیسے آج کے زمانہ میں اخبارات پر سنسر شپ عائد کر دی جاتی ہے یا حکومت پریس کنٹرول کی تدبیریں سوچتی ہے اور ٹرسٹ بنا کر اپنی من پسند خبروں کو چھاپنے کی اجازت دیتی ہے۔ صہ ۲۳

خلفاء ثلاثہ اور معاویہ کی حکومت کا جزو مشترک مخالفت علی تھا

عبارت ، حضرت ابو بکر کا مقابلہ حضرت علی سے تھا اور حضرت عمر کے متعلق بھی حضرت علی نے حضرت عبداللہ ابن عمر سے کہا تھا اگر تیرا باپ نہ ہوتا تو کوئی بھی میری مخالفت نہ کرتا اسی طرح حضرت عثمان بن عفان اور معاویہ بن سفیان کا مقابلہ بھی حضرت علی علیہ السلام سے تھا لہذا مخالفت علیؓ ان ساری حکومتوں کا جزو مشترک ہوا۔ (صہ ۲۱ - ۲۲)

عمر نے جمہوریت کے تابوت میں کیل ٹھونک دی

عبارت : اصحاب احادیث رسول کو جمع کرنے کے حق میں تھے مگر حضرت عمر کی رائے اس کے خلاف ہوئی خود اس مسئلہ میں حضرت عمر نے

اجماع امت کی مخالفت کرتے ہوئے اپنے ایک مہینے کے استخاروں پر عمل کیا اور ایک نہایت ضروری امر شریعت میں اپنی اکیلی رائے مسلط کر کے جمہوریت کے تابوت میں کیل ٹھونک دی۔ (صہ ۲۷)

زمانہ شیخین میں حدیث کے راوی خارجیوں کے دوست تھے

عبارت: بہرحال لگے ہاتھوں یہ بھی ثابت ہوگیا کہ زمانہ شیخین میں حدیث کے روائت کرنے والے خارجیوں کے دوست تھے اور مثل خوارج حضرت علی کے مخالف تھے صہ ۲۸

غلط اعتقاد کی اشاعت کے لئے جبر ظلم وتعدی سے کام لیا گیا

عبارت: جبکہ احادیث سے حضرت علیؓ خلیفہ بلافصل ثابت ہوئے تھے لہٰذا اس غلط اعتقاد کی اشاعت نہ صرف عمدًا اور قصدًا کی گئی بلکہ طاقت جبر اور ظلم وتعدی سے اسے رواج دیا گیا یہاںتک کہ یہ عقیدہ لوگوں کے تن من میں رچ گیا صہ ۳۶

عبارات مغلظہ از کتاب صدیق اکبر فاروق اعظم مصنف عبدالکریم مشتاق

اس کتاب کے مضامین کا خلاصہ یہ ہے کہ صدیق اکبر اور فاروق اعظم کے القابات دراصل حضرت علی کے لئے تھے ابوبکر وعمر نے یہ القابات چھین کر اپنے اوپر چسپاں کرلئے جب کہ وہ قرآن وسنت کی روشنی میں مغضوب قرار پانے ہیں

(از مرتب)

صدیق اکبر اور فاروق اعظم کا خطاب دربارِ نبوت

سے حضرت علی علیہ السلام کو مرحمت ہوا

عبارت ، کتب اہل سنت والجماعت میں درج شدہ روایات سے یہ بات مکمل طور پر ثابت ہوتی ہے کہ "صدیق اکبر" کی طرح خطاب "فاروق اعظم" بھی دربارِ نبوت سے حضرت علی علیہ السلام کو مرحمت ہوا (صـ ۱۴)

تعجب ہے کہ ہمارے اہلسنت بھائی ان واضح ارشادات

پیغمبر کو نظر انداز کرتے ہوئے حضرت علی علیہ السلام

کے مقابلے میں حضرت عمر بن الخطاب کو فاروق اعظم تسلیم کرتے ہیں صـ ۱۵

لہٰذا منطقی نتیجہ یہ ہوا کہ بر بنائے صحیح بخاری و صحیح مسلم و علی شرط الشیخین حضرت ابو بکر کو مغضوب رسولؐ تسلیم کرنا پڑتا ہے (صـ ۲۶)

لہٰذا ہم اس وجہ سے بھی حضرت ابو بکر کو صدیق اکبر تسلیم کرنے سے معذور ہیں کیونکہ وہ چالیس برس کی عمر میں مسلمان بنے اور قبل از اسلام ان کا نام عبد الکعبہ تھا۔ (صـ ۲۴)

اسی طرح فاروق اعظمؓ بھی وہی قرار دیا جا سکتا ہے جو حق و باطل میں امتیاز کر سکے لیکن اسلام سے قبل حضرت عمر کی زندگی باطل کی پرستش میں گذری ۔ نیز اسلام لانے کے بعد بھی اکثر واقعات ملتے ہیں کہ حضرت عمر حق و باطل میں فرق نہ کر سکے ۔

(صـ ۲۴)

عبارات منتخبہ از کتاب مقام عمر
مصنف علی اکبر شاہ ساجدہ اکیڈمی یوسف ۱۳۳ پلازہ کراچی

عمر کے بارہ میں تاریخ سچ بولتی ہے مگر مسلمان یہ سچ پسند نہیں کریں گے

عبارت : ہم نے حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کو پرکھنے کا ارادہ کیا اور جب یہ فیصلہ کیا کہ تاریخ کے تقاضے بھی پورے کرینگے تو لرز گئے کہ اسلام کی حکومت اور پھر ایسی جلیل القدر ہستی کہ جسے نوع انسانی میں بعد انبیاء ابوبکرؓ کو چھوڑ کر سب سے افضل سمجھا جاتا ہے ۔ تاریخ سچ بولتی ہے اور مسلمان یہ سچ پسند نہیں کریں گے ۔ ص ۷، ابتدائیہ

یہ کیسے ممکن ہے کہ ہزاروں افراد صحابیت کی وجہ سے عادل اور قابل تقلید ہو جائیں

عبارت : مسلمان سمجھتے ہیں کہ ہزاروں آدمی جو اسلام لائے اور مرتے دم تک اسلام پر قائم رہے اور رسول اللہؐ کی صحبت اُٹھائی چاہے وہ مختصر ترین ہی رہی ہو صحابی ہوئے ۔ مگر یہ کیسے ممکن ہے کہ ہزاروں افراد محض اس صحابیت کی وجہ سے عادل اور قابل تقلید ہو جائیں (صفحہ ۱۰)

رسولؐ اللہ کی صحبت اٹھانے والے کا قابل تقلید بن جانا مضحکہ خیز اصول ہے

عبارت : یہ اصول کہ جس کلمہ گو نے رسول اللہ کی محض تھوڑی سی

بھی صحبت اٹھائی وہ عزت کی بلندی پر پہنچ کر قابل تقلید بن گیا نہ صرف مضحکہ خیز ہے بلکہ خلاف عدل بھی ہے یہ اسی اصول کی برکت ہے کہ عمر بن عبدالعزیز جیسے زاہد و متقی خلیفہ کے بیٹے کسی کے استفسار پر ایک فقیہ نے کہا معاویہ کے گھوڑے کے سموں سے اٹھنے والی گرد عمر ابن عبدالعزیز سے بہتر ہے کیونکہ وہ صحابی ہیں۔ ص ۱۱

حضرت عمر سے بدگمانی رکھنے سے کوئی فرق نہیں پڑتا

عبارت: جہاں تک حضرت عمر کا سوال ہے تو اگر ان سے بدگمانی رکھی جائے تو کوئی فرق نہیں پڑے گا کیونکہ آپ کے ذریعہ سے اصل دین تو بہت کم پہنچا آپ نے خود کل ستر حدیثیں روایت کیں اور دوسروں کو اشاعت حدیث سے منع فرمایا (ص ۱۲)

اشاعت حدیث سے عمر کے مفادات خطرہ میں پڑتے تھے

عبارت: احادیث کی اشاعت سے لوگوں کو روکنے کی وہ وجوہات نہیں تھیں جو روایات میں بیان کی گئی ہیں بلکہ اصل وجوہات یہ ہیں کہ عمر نہیں چاہتے تھے کہ احادیث کی عام اشاعت سے ان مفادات خطرے میں پڑیں۔ (ص ۱۴)

حضرت عمر کے نسب پر تعریض، آپ کے نسب میں ایسی باتیں ضرور تھیں کہ جن کے زبان پر آجانے سے ڈرتے تھے

عبارت: خاندان فہم کی ایک عورت نفیل (ابن عبدالعزیٰ جد عمر بن خطاب)

کے تصرف میں تھی جب نفیل کا انتقال ہو گیا تو ان کے بیٹے عمرو بن نفیل نے اپنے باپ کے بعد ان کی اس عورت کو اپنے تصرف میں لے لیا تو اس عورت سے عمرو بن نفیل کے بیٹے زید پیدا ہوئے اس طرح زید کی ماں ہی خطاب کی ماں تھیں اور یہ زید سعید بن زید بن عمر بن نفیل کے باپ تھے اسی طرح یہاں محرمات پر تصرف کی اور بھی روایات موجود ہیں کہ جس کی وجہ سے حضرت عمر اور ان کے باپ دادا کے درمیان رشتے اور بھی پیچیدہ ہو جاتے ہیں گو کہ ان تمام روایات کے بارہ میں کچھ نہیں کہا جا سکتا تاہم آپ کے نسب میں ایسی باتیں ضرور تھیں کہ جن کے زبان پر آجانے سے ڈرتے تھے۔ صد ۲۲-۲۳

ہم سمجھتے ہیں کہ حضرت عمر کے نسب میں خرابی کی وجہ سے انکی عظمت گھٹانا صحیح بات نہیں ہے

صد ۲۹

حضرت عمر کو جنگ کے موقع پر سفیر بنانے کا یہ مطلب نہیں کہ آپکو بڑی عزت و احترام کی نظر سے دیکھا جاتا تھا

عبارت: حضرت عمر کو جنگ کے موقع پر سفیر بنانے کا یہ مطلب نہیں لیا جا سکتا کہ آپ کو بڑی عزت و احترام کی نظر سے دیکھا جاتا تھا اور بڑا صاحب تدبر شخص سمجھا جاتا تھا (صد ۲۳)

خالد بن ولید نے مالک بن نویرہ کو قتل کیا اور ان کی حسین بیوی سے زنا کیا تھا

عبارت: (حضرت عمر) خالد بن ولید کے لئے تو حضرت ابوبکر کے پیچھے

ہی پڑ گئے کہ انھیں معزول کر دیئے مگر ابو بکر انکار ہی کرتے رہے حالانکہ خالد نے بے گناہ مالک بن نویرہ کو قتل کیا تھا اور اس کی حسین بیوی کے ساتھ زنا کیا تھا صد ۱۵

عراق پر فوج کشی کی کوئی شرعی وجہ نہ تھی

عبارت : معلوم ہوا کہ عراق پر فوج کشی کی کوئی شرعی وجہ نہیں تھی صد ۱۲۱

حضرت عمر کی ساری جنگیں کشور کشائی اور قوم کے فائدے کے لیئے تھیں

عبارت : حضرت عمر مصر پر لشکر کشی کے لیئے تیار نہ تھے اجازت دینے کے بعد بھی مطمئن نہ تھے . . . . . . در اصل حضرت عمر کے خوف اور بے یقینی نے یہ بات ثابت کر دی کہ ابتک ساری جنگیں کشور کشائی اور قوم کے فائدے کے لیئے کی گئیں تھیں . صد ۱۳۶

آپ کے دور خلافت میں تمام جنگیں کسی شرعی یا اخلاقی جواز کے بغیر لڑی گئیں

عبارت : ہمارے مؤرخین انہیں عجوبۂ روزگار فاتح کی حیثیت سے پیش کرتے ہیں مگر ہم یہ دیکھتے ہیں کہ تمام جنگیں کسی شرعی یا اخلاقی جواز کے بغیر لڑی گئیں . صد ۱۷۶

عمر کی زندگی میں قدم قدم پر پچھتاوا ملیگا

عبارت : مگر بات صرف مقدمات کے فیصلہ کی نہیں ہے حضرت عمر

کی زندگی میں تو قدم قدم پر پچھتاوا ملے گا (صہ ۱۸۳)

جاگیردار اور سرمایہ دار طبقہ حضرتِ عمر کا پیدا کیا ہوا تھا

عبارت، ہوا یہ کہ رسول اللہؐ کی وفات کے چند ہی برس بعد عالم اسلام اور خاص کر مدینہ میں ایک بڑا جاگیردار طبقہ پیدا ہو گیا ۔ ۔ ۔ ۔ یہ جاگیردار اور سرمایہ دار طبقہ حضرت عمر کا ہی پیدا کیا ہوا تھا صہ ۲۰۷

خالد بن ولید کے چنگیزی مظالم

عبارت، سب سے بڑھ کر ظلم ڈھانے والے مثنیٰؓ اور خالد تھے مثنیٰؓ نے خود حضرت عمر کے دور کی جنگوں میں مظالم کئے (مگر خالد نے بہت کم) مگر ان سے کوئی باز پرس نہیں کی گئی خالد بن ولید کے چنگیزی مظالم گو حضرت ابوبکر کے دور کے ہیں مگر ان کو محض سرداری سے معزول کرنا انصاف کے تقاضوں کی بجائے سیاست اور مصلحت وقت کے تقاضوں کے مطابق تھا۔ مجرم مجرم رہتا ہے چاہے جرم کئے ہوئے عرصہ گذر جائے (صہ ۱۷۷)

عبارات ملتقطہ از کتاب اصحاب رسولؐ کی کہانی قرآن وحدیث کی زبانی
مصنف ابوعرفان سید عاشق حسین النقوی ناشر مکتبہ العرفان ۲/۱ صہ کالونی کراچی

اس کتاب کی سرخیاں

بعض صحابہ نے خدا و رسولؐ کے حکم سے سرکشی وگستاخی کی

صہ ۳۰

صحابہ کی شراب نوشی

(ص ۳۱)

اصحابؓ کے ہاتھوں اصحاب کی ذلت و رسوائی

(ص ۳۴)

دفن رسولؐ میں صحابہؓ کا کردار

(ص ۳۵)

حضرت عمرؓ کی بدعت

(ص ۶۲)

حضرت عمر سے عورتیں زیادہ فقیہ تھیں

(ص ۶۳)

حضرت عمرؓ کے بارے میں انتہائی شرمناک عبارت کی فوٹو

حضرت کا نام عمرؓ کنیت ابو حفص اور کہا جاتا ہے کہ لقب فاروق تھا۔ حضرت عمر کو مسلمانوں کی اکثریت رسولؐ کا دوسرا خلیفہ تسلیم کرتی ہے۔ حضرت عمر کی ولادت اور اسلام قبول کرنے کے واقعات عجیب ہیں۔ ان کے نسب کے متعلق اصابہ فی نسب الصحابہ اور التنقیح فی نسب الصریح نے تفصیلی روشنی ڈالی ہے۔ ایک راز کی بات کے عنوان سے رقمطراز ہیں کہ حضرت عبدالمطلب کو حبشہ سے ایک حسین کنیز جس کا نام صنّاک تھا ہدیہ میں ملی تھی۔

وہ حضرت کی بکریاں چرایا کرتی تھی اور اس کو فعلِ بد سے محفوظ رکھنے کیلئے حضرت عبدالمطلب نے چمڑے کی شلوار پہنا رکھی تھی۔ اسی طرح حضرت کے اونٹ چرانے کے لئے ایک غلام تھا۔ جس کا نام نوفل تھا۔ دونوں کی چراگاہیں علیحدہ علیحدہ مقرر کر رکھی تھیں۔ ایک دن نوفل ضحاک کی چراگاہ میں پہنچ گیا اور اس حسینہ و جمیلہ کو دیکھتے ہی نوفل فریفتہ ہو گیا۔ اور اس کے ارادے بدل گئے اس نے ضحاک کو کافی بہلایا پھسلایا۔ لیکن وہ ٹالتی رہی کہ دیکھو مالک نے اس بدفعلی سے بچنے کے لئے مجھے چمڑے کی شلوار پہنا رکھی ہے اور اس کا اتارنا مشکل ہے۔ نوفل نے کہا تم راضی ہو جاؤ اس کا بندوبست میرے ذمہ رہا۔ آخر ضحاک راضی ہو گئی تو نوفل نے ایک ناقہ کا دودھ نکالا اور اس کی جھاگ کو شلوار کے اوپر لگا کر نرم کر لیا اور ضحاک سے کہا تم درخت کی ٹہنی پکڑ کر کھڑی ہو جاؤ۔ اس نے ایسا ہی کیا۔ تو نوفل نے شلوار کو کھینچا۔ شلوار اتر گئی تو پھر نوفل نے ضحاک سے بدفعلی کی۔ ضحاک نے اس بدفعلی کے ثمر کو ایک لڑکے کی شکل میں جنم دیا۔ مالک کے ڈر سے اسے کوڑے کے ڈھیر پر پھینک دیا۔ ایک شخص اسے اٹھا لے گیا۔ پالا پوسا اس کا نام خطاب رکھا۔

خطاب جوان ہوا تو یہ جنگل سے لکڑیاں کاٹ کر لایا کرتا تھا۔ اور لکڑیوں کو بازار میں فروخت کر کے گذر بسر کیا کرتا۔ ایک دن جنگل سے لکڑیاں لینے گیا تو کیا دیکھا کہ ضحاک لیٹی ہوئی ہے اور اپنی دونوں ٹانگوں کو اس نے آسمان کی طرف اٹھا رکھا ہے۔ خطاب نے آؤ دیکھا نہ تاؤ فوراً چھلانگ لگائی اور ضحاک کی ٹانگوں کے درمیان پہنچ گیا۔ خطاب نے ضحاک سے جو رشتہ میں اس کی ماں ہوتی فعل بدکا ارتکاب کیا۔ تو ضحاک کے بطن سے ایک لڑکی پیدا ہوئی۔ اس لڑکی کو بھی سسروار کے ڈر سے کوڑے کے ڈھیر پر پھینک دیا۔ اس کو ہشام اٹھا لے گیا۔ خطاب کا ہشام کے ہاں آنا جانا تھا یہ لڑکی جب جوان ہوئی تو خطاب نے ہشام سے اس کا رشتہ مانگا تو ہشام راضی ہو گیا۔ خطاب شادی کر کے اس کو گھر لایا۔ کچھ مدت کے بعد اس کے بطن سے لڑکا پیدا ہوا جس کا نام خطاب نے عمر رکھا۔ اب ماں بیٹے اور باپ کا عجیب الطرفین ہونا آپ خود ملاحظہ کریں کہ ماں بیٹے اور باپ کے کیا کیا رشتے بنتے ہیں۔

عبارات منقولہ از کتاب احتساب

مصنف: علی اکبر شاہ ۔ ناشر: ساجد نعیمی ۳۲۳ ۔ ۵ ۔ ۹ یوسف بازار

بڑے بڑے صحابہ پر منافقین کی طرح جنگ احزاب میں لرزہ طاری تھا

عبارت ، جنگ احزاب میں تو مسلمانوں پر مارے خوف کے لرزہ طاری تھا بات صرف منافقین یا عام مسلمانوں کی نہیں ہو رہی بلکہ ان بڑے صحابیوں کی بھی ہو رہی ہے جن کے ڈنکے بج رہے ہیں ۔ (صہ ۹)

حضرت عمر کا تلوار نکال کر کہنا کہ محمد مرے نہیں شدت غم کی وجہ سے نہیں بلکہ یہ سب ڈھونگ تھا

عبارت ، حضرت عمر کا تلوار نکال لینا اور یہ کہنا محمد مرے نہیں ہیں اور یہ کہ اگر کسی نے ایسا کہا تو گردن مار دوں گا شدت غم کی وجہ سے نہیں تھا بلکہ یہ سب ڈھونگ تھا محض اس لئے کہ جب تک مشیر خاص حضرت ابوبکر نہ آجائیں پبلک کو یونہی الجھائے رکھو۔ (صہ ۱۵)

شیخین کے عمل سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ انہیں رسول اللہ ﷺ سے زیادہ دنیاوی اقتدار سے محبت تھی

عبارت ، اگر آج تاریخ کی روشنی میں صحابہ کرام کی شخصیتوں کے کمزور پہلوؤں پر گفتگو کی جاتی ہے تو کہا جاتا ہے کہ اس قسم کی گفتگو نہ کیجئے کیونکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ رسول

اللہ اپنے قریبی ساتھیوں کو بھی نہ سدھار سکے اور ان کی تعلیمات ناکام رہیں۔

اب ہم بھی یہی بات پوچھتے ہیں کہ اگر یہ کہنا صحیح ہے کہ حضرت شیخین سقیفہ بنی ساعدہ اس لئے گئے تھے کہ انصار مدینہ وہاں جمع ہو کر خلافت کا فتنہ پیدا کرنا چاہتے تھے تو انصار کا یہ انداز کتنا غلط تھا کیا رسول اللہ کی تعلیمات کا یہی اثر تھا کہ وہ اپنے محسن کی میت چھوڑ کر عام دنیا داروں کی طرح حصول اقتدار کے لئے فتنہ پر آمادہ ہو جائیں ان کے اس عمل سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ انہیں رسول اللہ سے زیادہ دنیاوی اقتدار سے محبت تھی۔

بہر حال ہر انصاف پسند کا یہی فیصلہ ہو گا کہ جو بھی رسول اللہ کے جنازے کو چھوڑ کر اقتدار کی کوششوں میں لگا اس نے نہ تو رسول اللہ کی تعلیمات کا اثر قبول کیا اور نہ ہی اسے رسول اللہ سے محبت تھی۔ صـ ۱۶ - ۱۷

ابو بکر و عمر کی کامیاب منصوبہ بندی کے سبب محمدؐ کا محمدؐ جیسا بھائی اپنے حق سے مدتوں محروم رہا

عبارت : حضرت ابو بکر ابن ابی قحافہ اور حضرت عمر ابن خطاب یہی حضرات ہیں کہ جن کی کامیاب منصوبہ بندی کے سبب محمدؐ (صلی اللہ علیہ وسلم) کا محمدؐ جیسا بھائی مدتوں اپنے حق سے محروم رہا (صـ ۲۰)

حضرت عمر نے مطلق العنان بادشاہ کیطرح تمام عمر حکومت کی

عبارت ، حضرت عمر نے تمام عمر ایک مطلق العنان بادشاہ کی طرح حکومت کی ان کی سختی اور احکام دونوں ان کی جذباتی کیفیات کے تابع تھے نہ کہ اسلامی ضابطوں کے

(صـ ۲۲)

عبارت : قرآن کہتا ہے رسولؐ کی آواز پر اپنی آواز بلند نہ کرو اور عمر کے مزاج کی سختی کا تقاضا یہ کہ اپنی مصلحت کو دیکھو اگر رسولؐ بخار کی حالت میں وقت آخر کچھ لکھنا چاہیں تو رکاوٹ بن جاؤ اور چیخ پکار کا ایسا ماحول پیدا کرو کہ رسولؐ بے بس ہو جائیں (ص ۲۲)

عبارت : حضرت عمر کی تو پوری زندگی درشتی کی تصویر تھی کبھی کبھی تو غیظ و غضب جنون کی سرحدوں کو چھونے لگتا۔ (ص ۲۲)

عبارت : زبان اور کوڑے کا بے دریغ استعمال کرتے تھے جس سے انبیاء کی بھی عزت محفوظ نہیں تھی کہ جن کا شمار عشرہ مبشرہ میں ہوتا تھا۔ ص ۲۳

حضرت عثمان نے وہ کیا توبہ بھلی

عبارت : حضرت عثمان کا کردار ملاحظہ ہو کہ خلافت کے لئے سیرت شیخین پر چلنے کا اقرار تو کر لیا مگر کیا وہ کہ توبہ بھلی ۔ (ص ۲۶)

سیرتِ شیخین خلاف قرآن و سنت اجتہادات

عبارت : عثمان نے سیرت شیخین پر چلنے کا اقرار تو کر لیا اور خلافت لے لی مگر سیرت شیخین کے صرف ایک پہلو کو اپنایا یعنی خلاف قرآن و سنت اجتہادات کرنے کے سلسلہ میں ان کی خوب پیروی کی ص ۲۸

کل علیؑ نے سیرت شیخین پر چلنے کا وعدہ نہ کر کے حکومت کو لات مار دی آج علیؑ کے ماننے والے کیسے مان لیں کہ شیخین کے اسلام کو مسلط کر دیا جائے۔ ملخص ص ۲۸-۲۹

قرآن و سنت کے خلاف ابو بکر و عمر کے اجتہادات کی فہرست ص ۲۹-۳۰

